## 1-سوالات کے مختصر جوابات

**(الف) استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا تھی؟**

جواب: استنبول کے شہر پر مسلمانوں کا پہلا حملہ ۶۷۲ء میں ہوا تھا، لیکن وہ سات سال تک محاصرے کے بعد ناکام واپس ہوئے۔ اس محاصرے کی تاریخی اہمیت یہ ہے کہ اس میں جلیل القدر صحابی حضرت ابوایوب انصاری (رضی اللہ) شریک تھے۔ اسی مہم کے دوران میں ان کا انتقال ہوا اور وہ استنبول ہی میں مدفون ہوئے۔

**(ب) ایا صوفیہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصراً تحریر کیجیے۔**

جواب: ایا صوفیہ قسطنطنیہ کا تاریخی کلیسا تھا جو اب مسجد ہے۔ سلطان محمد فاتح نے سب سے پہلے اس میں جمعہ کی نماز پڑھی۔ مسلمانوں نے اس میں بہت سی تعمیرات کا اضافہ کیا۔ دیواروں اور چھتوں کی پچی کاری پر سرمئی کلئی کروادی گئی۔ جن دیواروں پر بت بنے ہوئے تھے انہیں گرا کر نئی دیواریں بنوادی گئیں۔ عثمانی بادشاہوں نے مینار بنوائے، کلام پاک کی تلاوت کے لئے چبوترے بنوائے، خالی دیواروں پر آیات لکھوائیں، ملحقہ جگہ پر مدرسہ بنوایا، دارالطعام بنوایا اور ایک کتب خانہ قائم کیا۔

**(ج) ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟**

جواب: خطبہ جمعہ آدھا عربی اور آدھا ترکی زبان میں تھا۔

**(د) "توپ کاپی" میوزیم کا تعارف اپنے الفاظ میں کرائیے۔**

جواب: استنبول کے عجائب خانوں میں توپ کاپی کی حیثیت شہرہ آفاق ہے۔ یہاں رومی، بزنطینی اور عثمانی عہد کی ہزاروں لاکھوں قیمتی اشیاء رکھی گئی ہیں، اس میں عثمانی سلاطین کے آثار، جواہرات، ملبوسات اور دیگر اشیائے آرائش و تزئین کے علاوہ چینی، جاپانی، عربی اور یورپی عجائبات بھی رکھے گئے ہیں اور اس میں نادر کتب کا ذخیرہ بھی موجود ہے۔

**(ہ) مصنف کے شریکِ سفر دوستوں کے نام تحریر کیجیے۔**

جواب: محترمہ خانم ڈسلوا، ڈاکٹر محمد شعیب اختر، ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، ڈاکٹر ظفر اقبال۔

## 2-حوالہ متن اور سیاق وسباق کے ساتھ درج ذیل پیراگراف کی تشریح کیجیے۔

**"توپ کاپی میں آثارِ قدیمہ کے ـــــــ جن کا ایک ہی نسخہ دنیا میں موجود ہے"۔**

**جواب:**

**حوالہ متن:**۔ یہ پیراگراف حکیم محمد سعید کے تحریر کردہ سبق استنبول سے لیا گیا ہے۔

**مشکل الفاظ کے معنی:**

آرٹ: فن ذوق: دلچسپی، شوق

**تشریح:**

مصنف حکیم محمد سعید ترکی میں استنبول کی سیر کو گئے وہاں دیگر مقامات کے علاوہ انہیں مشہور عجائب گھر توپ کاپی میں فوجی عجائب خانہ دیکھنے کا بھی موقع ملا۔ وہ بتاتے ہیں کہ توپ کاپی میں فوجی عجائب خانے کو اوقاف کہتے ہیں۔ اس میں ترکی فنون، ادب، کشیدہ کاری اور فن مصوری کے حیرت انگیز نمونے موجود ہیں۔ اسلامی علوم وفنون اور ثقافتی روایات کو آگے بڑھانے میں عثمانی ترکوں کا کردار بہت نمایاں ہے۔ ان کے علمی شوق کی وجہ سے استنبول کا عجائب خانہ توپ کاپی آثار قدیمہ کا مشہور ترین مرکز بن گیا وہاں علم و فن کے بیش بہا خزانے موجود ہیں۔ دنیا کے مختلف علوم کے

بارے میں قیمتی اور منفرد کتابیں اس کے کتب خانے کا زیور ہیں۔ نایاب کتابوں اور غیر مطبوعہ مخطوطات کے الگ الگ شعبے وہاں موجود ہیں۔ بعض ایسے مخطوطات بھی موجود ہیں جن کا ایک ہی نسخہ دنیا میں موجود ہے۔

چونکہ اسلام نے علم کے حصول کو دینی فریضہ قرار دیا۔ ارشاد نبوی ہے:

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے"

مسلمان حکمران کوشش کرتے رہے کہ وہ دوسرے سماجی و فلاحی کاموں کے ساتھ ساتھ علم کے فروغ کے لئے بھی کوشش کرتے رہیں۔ مصنف سلیمانیہ سے ملحق کتب خانے کی تعریف میں رطب اللسان ہیں کہ اس میں نہ صرف دنیا کی نادر و نایاب کتابیں موجود ہیں بلکہ وہ بڑے سلیقے اور قرینے سے رکھی گئی ہیں۔ کسی بھی کتب خانے میں اس امر کا خیال رکھنا ضروری ہوتا ہے کہ کتاب صرف موجود ہی نہ ہو اس تک رسائی بھی ممکن ہو۔

## 3- سبق استنبول کا متن مد نظر رکھ کر درست جوابات کی نشاندہی کریں۔

**(الف) سبق "استنبول" کس کی تحریر ہے؟**

(الف) اختر ریاض الدین (ب) ✓ حکیم محمد سعید (ج) قدرت اللہ شہاب (د) شفیع عقیل

**(ب) مسجد سلیمانیہ کس نے تعمیر کرائی؟**

(الف) سلطان مراد (ب) ✓ سلطان سلیمان (ج) سلیم ثانی (د) سلطان عبد الحمید

**(ج) ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے؟**

(الف) عجائب گھر (ب) کتاب خانہ (ج) ✓ قبرستان (د) فوجی عجائب خانہ (اوقاف)

**(د) مسلمانوں نے استنبول پر پہلا حملہ کب کیا؟**

(الف) ✓ ۶۷۲ء (ب) ۶۷۱ء (ج) ۶۷۳ء (د) ۶۷۷ء

**(ہ) مسلمانوں نے استنبول کا محاصرہ کتنے سال بعد اٹھایا؟**

(الف) پانچ (ب) ✓ سات (ج) آٹھ (د) نو

**(و) استنبول کا فاتح کون ہے؟**

(الف) حضرت ایوب انصاری (ب) ✓ سلطان محمد فاتح (ج) مراد ثانی (د) محمد ثانی

**(ز) استنبول کو کس کا گھر کہا جاتا ہے؟**

(الف) عجائب گھروں (ب) ✓ مسجدوں (ج) کتب خانوں (د) مقبروں

**(ح) مسجد سلیمانیہ کے ساتھ کتب خانے میں کتنے قلمی نسخے ہیں؟**

(الف) ۳۰ ہزار (ب) ۵۰ ہزار (ج) ✓ ایک لاکھ (د) ڈیڑھ لاکھ

## 4- سبق "استنبول" کے متن کے مطابق کالم (الف) کے الفاظ کا ربط کالم (ب) کے الفاظ سے کریں:

**جوابات:**

| کالم (الف) | کالم (ب) |
| --- | --- |
| دوسرا مینار | سلیم ثانی |

| | |
|---|---|
| توپ کاپی | ولیم راجرز |
| فاتح استنبول | سلطان محمد فاتح |
| آٹھ لوحیں | مصطفٰی عزت آفندی |
| چھ مینار | جامع مسجد سلطان احمد |
| تین نمایاں چیزیں | حضرت ایوب انصاری |

## 5- متن کی روشنی میں قوسین میں دیے گئے الفاظ میں سے درست لفظ منتخب کر کے خالی جگہ پُر کیجیے۔

(الف) خان محمد فاتح گھوڑے سے اتر کر ــــــــ میں داخل ہوا۔ (مسجد، غار، محل، ✓ کلیسا)

(ب) پورے شہر میں ــــــــ مساجد ہیں۔ (چار سو، ✓ پانچ سو، چھ سو، ایک ہزار)

(ج) ترکی کے وزیر اعظم جناب ترگت اوزال ہمارے ــــــــ تھے۔ (ہمراہ، ✓ میزبان، مہمان، مہربان)

(د) سلیمانیہ سے ملحق ایک بڑا ــــــــ ہے۔ (✓ کتب خانہ، مدرسہ، کالج، عجائب گھر)

(ہ) جامع سلطان احمد اپنے ــــــــ میناروں کی وجہ سے مشہور ہے۔ (چار، ✓ چھ، آٹھ، دس)

## 6- مندرجہ ذیل الفاظ و تراکیب کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کا مفہوم واضح ہو جائے۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| محاصرہ | فوجوں نے شہر کا محاصرہ کر لیا۔ |
| جلیل القدر | حضرت عمر (رضی اللہ) جلیل القدر صحابی تھے۔ |
| مدفون | حضرت ابو ایوب انصاری (رضی اللہ) استنبول میں مدفون ہیں۔ |
| سرمئی | شام کے سرمئی اندھیروں میں یادوں کے چراغ جلتے ہیں۔ |
| منہدم | تاریخی عمارتیں منہدم ہوتی جا رہی ہیں۔ |
| تنظیم | تنظیم کے بغیر قومی بہتری ناممکن ہے۔ |
| مخطوطہ | عجائب گھر میں کئی مخطوطات موجود ہیں۔ |
| مسودہ | کتاب کا مسودہ چھپنے کے لیے تیار ہے۔ |
| کاشانہ | آپ کے کاشانہ دولت میں کتنے کمرے ہیں۔ |
| قضا و قدر | قضا و قدر انسانی قدرت سے باہر ہیں۔ |
| مرجع | روضہ رسول ﷺ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے مرجعِ خیر و برکت بنا ہوا ہے۔ |